اے ولیّ زمن تم سلامت رہو
اے رخِ پنجتن تم سلامت رہو
مالکِ انس و جن تم سلامت رہو
مظہرِ ذی المنن تم سلامت رہو

اے شہا سیف دیں اے شہ ذی وقار
تم سے رفع ہوا دینِ حق کا منار
ہو امام الزمان کی تم ذوالفقار
جس کا جوہر جہان میں ہے آشکار

تیرے چہرے میں دِکھتے برہان الہدی
جن پہ ہم مال و ذر سے ہمیشہ فدا
اُنکا شکر نہ کوئی کر سکیگا ادا
اُنکی نعمتیں سب پہ ہے بے انتہا

آج شہر سجا ہوا سورت ہے
کیا عجب دیوڑھی کی یہ صورت ہے
آج خوشیوں کی لہر میں دعوت ہے
اور مؤمنیں سب کو مسرّت ہے

آج مولی ہر اک لب پہ ہے یہ صدا
ہو مبارک مبارک مبارک شہا
اور ہر ایک مومن کرے یہ دعا
تم رہو عافیت میں ہمیشہ سدا

طول کر عمر سیف ہدی کی اے رب
یہی رہتی ہے مؤمنیں سب کی طلب
اُنکی شان تو دنیا میں رہتی عجب
اور حیران دیکھ کے شان ہیں سب